## عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد کی لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

## ملک کے سیاسی حالات، پاک بھارت کشیدگی، خطے کی موجودہ صورتحال، قومی سلامتی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی بات چیت

## ملک جس نازک صورتحال سے دوچار ہے وہ اتحاد و یکجہتی اور استحکام کا تقاضہ کرتا ہے۔ الطاف حسین اور شیخ رشید میں اتفاق

لندن ۔۔۔۔ 20 جنوری 2009ء۔۔۔عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ملاقات کی۔ ملاقات تقریباً ڈھائی گھنٹے تک جاری رہی جس کے دوران ملک کے سیاسی حالات، ممبئی کے واقعہ کے بعد پاک بھارت کشیدگی، خطے کی موجودہ صورتحال، قومی سلامتی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ بات چیت میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ملک جس قسم کی نازک صورتحال اور خطرات سے دوچار ہے وہ اتحاد و یکجہتی اور استحکام کا تقاضہ کرتا ہے۔ ملک کو اتحاد کی جتنی آج ضرورت ہے اتنی پہلے کبھی نہ تھی۔ ملاقات میں شیخ رشید نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال میں ایم کیوایم کی پالیسیوں اور اقدامات کو مثبت قرار دیا اور جناب الطاف حسین کیلئے نیک جذبات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق جاوید، سلیم شہزاد، محمد انور، سید طارق میر، محمد اشفاق، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیز آبادی، قاسم علی رضا اور سینیٹ میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر سینیٹر بابر خان غوری بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے رکن اسمبلی سلیم بٹ نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر کے منصب کا حلف اٹھالیا

کراچی ۔۔۔20، جنوری 2009ء۔۔۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں نومنتخب حق پرست ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ نے اپنے منصب کا حلف اٹھالیا۔ حلف برداری کے بعد آزاد کشمیر کے نومنتخب وزیر اعظم سردار یعقوب، اسپیکر شاہ غلام قادر، پیپلز پارٹی کے چوہدری مجید، پیپلز مسلم لیگ کے بیرسٹر سلطان، سابق وزیر اعظم سردار عتیق احمد نے سلیم بٹ سے ملاقات کرکے انہیں مبارکباد دی۔ اس موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزیر محمد طاہر کھوکھر بھی موجود تھے۔ ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ نے تقریب حلف برداری کے بعد کراچی پہنچ کر عزیز آباد کے شہداء قبرستان جاکر تحریک کے شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ ایم کیوایم کونٹیکٹ کمیٹی کے اراکین بھی انکے ہمراہ تھے۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے بھی دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن ظفر خان شہید کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ اراکین قومی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی ۔۔۔20، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین قومی اسمبلی نے لیاری کے جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے ایم کیوایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر کے کارکن ظفر خان کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ لیاری کے جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے ایم کیوایم کے کارکن ظفر خان کے اغواء اور بہیمانہ قتل کی واردات سے صاف ظاہر ہے کہ جرائم پیشہ عناصر شہر کا امن تباہ کرن کے درپے ہیں اور وہ ایم کیوایم کے کارکنوں کو اس مقصد کیلئے دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں اور جو عناصر بھی دہشت گردی کی کارروائیاں کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شہر اور ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں ان سازشی عناصر کی سازشوں کو توڑ عوام کے بھرپور تعاون سے کرتی رہے گی۔ ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ظفر خان کے سفاک قاتلوں کو گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن شیخ محمد احسان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔20، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 126 کے بزرگ کارکن شیخ محمد احسان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم شیخ محمد احسان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن شیخ محمد احسان، بلدیہ ٹاؤن کے کارکن کی ہمشیرہ، جمشید ٹاؤن کے حق پرست کونسلرز کے والد اور ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔20، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 126 کے بزرگ کارکن شیخ محمد احسان، ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن سلطان خان کی ہمشیرہ محترمہ زبیدہ بانو، جمشید ٹاؤن یوسی 9 کی جنرل کونسلر محترمہ رخسانہ ناز کے والد محمد یعقوب بیگ اور جمشید ٹاؤن یوسی 11 کے حق پرست جنرل کونسلر خاور اقبال کی ہمشیرہ محترمہ عذرا مہر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے (آمین)

## ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کے کارکن محمد خان کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔20 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کے کارکن اور society for unwell and needy (SUN) کے ٹرسٹی محمد خان شیروانی کی والدہ محترمہ تہذیب النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی محمد خان شیروانی کی والدہ محترمہ تہذیب النساء کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆